ٹیچرز گائیڈ

تحریر : عامرہ عالم



بادام کا پیڑ

تحریر : رومانہ حُسین

تصویریں : فرینہ عالم

نوٹ :

کہانی " بادام کا پیڑ" بہت آسان الفاظ استعمال کرکے سیدھے سادھے انداز میں لکھی گئی ہے۔ پہلی کلاس کے بچے کو اس کہانی کو اور اس کہانی میں دئے گئے نظرئے کو سمجھنا یقیناً مشکل نہیں ہوگا۔ پھر بھی اگر ٹیچر مناسب سمجھیں تو اپنے اسکول کے معیار کے مطابق بڑے یا چھوٹے کلاس کے بچوں کو پڑھاسکتی ہیں۔ اسی طرح دئے گئے سیشن کے علاوہ اگر ٹیچر مناسب سمجھیں تو مزید معلومات بڑھائی یا گھٹائی جاسکتی ہیں۔ کلاس میں آنے سے پہلے کہانی اچھی طرح گھر سے پڑھ کر آیئے۔

پہلا سیشن

کتاب بند کرکے بچوں سے کتاب کی کہانی کے متعلق اس طرح بات شروع کیجئے۔

۱۔ آپ کو پیڑ کیسے لگتے ہیں۔

۲۔ بچوں نے کس کس چیز کے پیڑ دیکھے ہیں۔ پیڑ پودے اور بیل کا فرق بھی بتائے۔ کچھ بچوں سے نام پوچھئے جو آسان نام ہو مثلاً " آم" " بیر" وغیرہ وہ بورڈ پر لکھ دیجئے۔

۳۔ اب آپ انکو بادام کے پیڑ کے متعلق بتایئے کیونکہ یہ ہی ہماری کتاب کا ٹائٹل بھی ہے۔

ا۔ یہ بہت خوبصورت پیڑ ہوتا ہے۔

ب۔ پتے ہرے اور کہیں کہیں لال ہوتے ہیں۔

ج۔ اس پر جنگلی بادام نکلتے ہیں۔

د۔ یہ کراچی میں آسانی سے اگ جاتا ہے۔

ح۔ اسکولوں کے باہر جو کھٹے بادام ملتے ہیں۔ وہ اس پیڑ پر ہی نکلتے ہیں۔

اب چڑیوں کے متعلق باتیں کیجئے۔ کیا بچوں نے چڑیاں پیڑ پر بیٹھی دیکھی ہیں۔ کچھ بچوں سے چڑیوں کے نام بھی پوچھیں۔

اب ہم بلّی کا ذکر کریں گے کہ بلّی کیا کیا کھاتی پیتی ہے اور یہ بھی کہ عام طور پر چھوٹی چڑیاں بلّیوں سے کیوں ڈرتی ہیں۔

اب آپ بتایئے کہ یہ کہانی پیڑ، چڑیا اور بلّی کی کہانی ہے۔ یہ سب ارم کے گھر میں ہیں۔ اس طرح یہ تینوں ارم کی دوست ہوگئیں۔ مگر کیا چڑیا بلّی کی دوست بنے گی؟ آئے کہانی پڑھیں پھر خود معلوم کریں۔

ایک دفعہ الفاظ کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی پڑھ کر سنایئے۔ بچے اپنے آگے کتاب کھولیں اور ساتھ ساتھ تصویریں بھی دیکھتے جائیں۔

گھر کا کام :

بچے گھر سے کہانی پڑھ کر آئیں۔

دوسرا سیشن

ا۔ بچے باری باری کتاب کا ایک ایک صفحہ پڑھیں ٹیچر آسان الفاظ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ جب پڑھائی ختم ہوجائے توبچے الفاظ بورڈ سے اتار کر کاپی میں لکھ لیں۔

آسان الفاظ :۔ ارم، گھر، بادام، دوست، بابا، ڈر، دوڑی، چڑیا۔

ایک دفعہ پھر الفاظ کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ ٹیچر کہانی پڑھیں۔ بچے کتاب کھول کر ساتھ ساتھ پڑھیں اور تصویریں دیکھتے جائیں۔

گھر کا کام

بچے گھر سے دیکھ کر آئیں ان کے گھر کے آس پاس کس کس چیز کے پیڑ ہیں۔ اگلے دن بات چیت ہوگی۔

تیسرا سیشن

بچے جو پیڑ دیکھ کر آئے ہیں ان پر تھوڑی سی بات کریئے۔ بچے اپنی پسند کے پیڑ، جانور اور چڑیوں کی تصویریں بنائیں۔ چاہیں تو رنگ بھی بھریں۔ ٹیچر کی مدد سے تصویروں کے نیچے بچے نام بھی لکھیں۔

چوتھا سیشن

آج بچوں سے سوالات کریں۔

۱۔ بلی نے چڑیا سے دوست بننے کے لئے کیوں کہا۔

۲۔ چڑیا نے کیوں کہا کہ " نا بابا مجھے ڈر لگتا ہے۔"

۳۔ بچوں سے پوچھیں کیا اُن کو بھی کسی چیز سے ڈر لگتا ہے اگر لگتا ہے تو کیوں۔ اگر بچوں کے دماغ میں کوئی بے جا خوف ہے تو اسے بات چیت کے ذریعے باہر نکالنے کی کوشش کریں۔ بات چیت مثبت انداز میں ہونا چاہئے کوشش کریں کلاس کے سب بچے باری باری بات چیت میں شامل ہوں۔

گھر کا کام

بورڈ پر دو کالم بنائیں ایک کے اوپر لکھیں " مجھے ڈر لگتا ہے" دوسرے کے اوپر لکھیں " ڈر نہیں لگتا ہے۔"

بچے گھر سے تین یا چار باتیں لکھ کر لائیں بچے کے لئے گھر کے کسی بڑے کی مدد لی جاسکتی ہے۔

پانچواں سیشن

۱۔ آسان الفاظ کا املا۔ بچے آپس میں کاپیاں Exchange کریں۔
۲۔ ٹیچر صحیح الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔
۳۔ ایک دوسرے کی غلطیاں خود Check کریں۔

بادام کا پیڑ

ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی

مطبع ٹیچرز گائیڈ : جیلانی پرنٹرز

ناشر : بُک گروپ، کراچی

ہم CITIGROUP کے ممنون ہیں جن کی مالی اعانت سے

کتاب بادام کا پیڑ اور اس کی ٹیچرز گائیڈ کی تدوین و طباعت ہوئی۔

bookgroup

18/7/2C, Block 2, PECHS, Karachi. Phone 3421-9991, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk

www.bookgroup.org.pk